© rasailojaraid.com

١٣١

# "قادیانیوں اور مرزا غلام احمد کو کافر سمجھتا ہوں"

## وفاقی وزیرِ دفاع مسٹر غلام سرور چیمہ کی وضاحت !

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

F. 1/MSD/90

MINISTER OF STATE FOR DEFENCE
GOVERNMENT OF PAKISTAN
RAWALPINDI

جنوری ۳۰ ، ۱۹۹۰ ء

*Ghulam Sarwar Cheema*
*Minister of State*

مکرمی علامہ اللہ یار ارشد صاحب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اُمید ہے مزاج گرامی بفضل تعالیٰ بخیر ہونگے -
آپکا گرامی نامہ مورخہ ۲۳ جنوری ۱۹۹۰ مجھے موصول ہوا -

مولانا صاحب میں آپکا تہہ دل سے ممنون و مشکور ہوں کہ آپنے ایک اہم اور مذہبی مسئلہ کے متعلق مجھ سے وضاحت طلب کی ہے ، وہ یہ کہ بعض رسائل نے جن میں ہفت روزہ " چٹان " لاہور شامل ہے میرے قادیانی ہونے سے متعلق جو خبر دی ہے وہ بالکل بے بنیاد اور جُھوٹ پر مبنی ہے - میں اس ضمن میں اُن رسائل کے خلاف قانونی کاروائی بھی کر رہا ہوں -

علاّمہ صاحب آپکی اطلاع کیلیے عرض ہے کہ :-

(۱) اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے میں ، میری والدہ صاحبہ ، میرے والد بزرگوار اور ان کے تمام عزیز و اقارب مسلمان ہیں -

(۲) میں تمام قادیانیوں اور ان کے پیشوا مرزا غلام احمد کو کافر سمجھتا ہوں -

مولانا صاحب آئندہ بھی جب کبھی اس قسم کی وضاحت مطلوب ہو تو بلا حجاب تحریر فرمائیں میں آپکو خوش آمدید کہوں گا -

والسلام

آپکا دعا گو

( غلام سرور چیمہ )

محترم اللہ یار ارشد صاحب ،
خطیب مسجد احرار اسلام ربوہ
ضلع جھنگ

© rasailojaraid.com